پریس ریلیز

جنرل ہسپتال ڈینگی کلینیکل مینجمنٹ سیمینار کا انعقاد ، 100 نئے ہاؤس آفیسرز شریک

ڈاکٹرز ڈینگی بخار کی علامات و مراحل بارے اپنی معلومات اپ ڈیٹ رکھیں: پروفیسر الفرید ظفر

ایم بی بی ایس دکھی انسانیت کی خدمت کی پہلی سیڑھی ، پیشہ وارانہ مہارت کو بڑھانا ہوگا: پرنسپل پی جی ایم آئی

ڈاکٹر کاشف ملک اور ڈاکٹر مقصود نے شرکاء کو ڈینگی بخار کی تشخیص ،علامات اور جدید طریقہ علاج سے متعلق آگاہی دی

لاہور 27 جون:۔۔۔۔۔ پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے نوجوان ڈاکٹرز پر زور دیا ہے کہ وہ ڈینگی بخار کی تمام علامات اور مراحل کے بارے میں اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ رکھیں اور اپنے تجربہ کار سینئر ڈاکٹرز سے رہنمائی حاصل کریں تا کہ جب انہیں ڈینگی بخار کے پیچیدہ کیسز کا سامنا کرنا پڑے تو اُن کو علاج معالجے میں کوئی دشواری پیش نہ آئے۔

ان خیالات کا اظہار پروفیسر الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال میں نئے تعینات ہاؤس آفیسرز کے لئے منعقدہ ڈینگی کلینیکل مینجمنٹ تربیتی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ میڈیکل یونٹ 3 کے پروفیسر آف میڈیسن ڈاکٹر طاہر صدیق کی زیر نگرانی سیمینار میں ڈاکٹر کاشف ملک اور ڈاکٹر مقصود نے شرکاء کو ڈینگی بخار کی تشخیص ،علامات اور جدید طریقہ علاج سے متعلق آگاہ کیا اور ڈاکٹرز کو مریض کی ہسٹری اور ریکارڈ مرتب کرنے بارے رہنما اصولوں کے بارے میں آگاہی دی جبکہ ورکشاپ میں 100 سے زائد ڈاکٹرز شریک تھے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے نئے ہاؤس آفیسرز کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ایم بی بی ایس کی ڈگری حاصل کرنا دکھی انسانیت کی خدمت کی پہلی سیڑھی ہے جو ڈاکٹرز اپنی اعلیٰ تعلیم اور پیشہ وارانہ مہارت کو بڑھانے کے لئے مسلسل مصروف عمل رہتے ہیں وہ نہ صرف طب کی دنیا میں اپنا نام پیدا کرتے ہیں بلکہ ان کے مریضوں میں بھی اعتماد بڑھتا ہے اور لوگ اعلیٰ تعلیم یافتہ ڈاکٹر سے علاج کروانے کو ترجیح دیتے ہیں۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے مزید کہا کہ پاکستانی نوجوان اہلیت ،قابلیت اور ذہانت میں کسی سے کم نہیں ،ضرورت اس امر کی ہے کہ وہ اپنی آمدن کا کچھ حصہ میڈیکل کے شعبوں میں سپیشلائزیشن پر صرف کریں اور پی ایچ ڈی اور ریسرچر بننے کے لئے میدان عمل میں نکلیں۔

ڈاکٹر کاشف ملک اور ڈاکٹر مقصود نے اپنی گفتگو میں کہا کہ ڈینگی وارڈ میں زیر علاج مریضوں کی بہتر نگہداشت کے لئے ڈیوٹی پر تعینات ڈاکٹرز کا ڈینگی کے حوالے سے ڈینگی مینجمنٹ کلینیکل نالج انتہائی ضروری ہے جو مریضوں کی جان بچانے اور جلد صحتیابی میں بہت معاون ثابت ہوتا ہے۔ مقررین نے کہا کہ حفظان صحت کے اصولوں اور صفائی ستھرائی پر توجہ نہ دینے سے مچھروں کی افزائش کے باعث بہت سی بیماریاں پھیل رہی ہیں اور اس ضمن میں سول سوسائٹی ،میڈیا ،سماجی تنظیموں کو عوامی شعور کی بیداری کے لئے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا ہوں گی۔

سربراہ جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر کا میڈیا سے گفتگو میں کہنا تھا کہ اگر پرہیز علاج سے بہتر ہے کے نعرہ کو کامیاب بنایا جائے تو شہریوں کے مالی اخراجات میں نمایاں کمی واقع ہو سکتی ہے۔ موجودہ حکومت ڈینگی مریضوں کے بہتر علاج کے لئے بہت سے اقدامات اٹھا رہی ہے اور جنرل ہسپتال کی انتظامیہ بھی مریضوں کی بہتر نگہداشت و علاج پر بھرپور توجہ دے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہر بخار ڈینگی نہیں ہوتا ، بروقت تشخیص سے مرض کی روک تھام ہو سکتی ہے لہذا شہریوں کو چاہیے کہ گھروں میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔ علامات ظاہر ہونے کی صورت میں مستند معالج سے رجوع کریں ، ایل جی ایچ میں 24 گھنٹے مفت طبی و تشخیصی سہولیات میسر ہیں ، ڈاکٹرز و نرسز ہمہ وقت الرٹ ہونگے۔

☆☆☆☆

لاہور جنرل ہسپتال میں ڈینگی کلینیکل مینجمنٹ سیمینار کا انعقاد، پرنسپل پی جی ایم آئی
پروفیسر الفرید ظفر شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں